# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 18 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ آئین پسماندہ افراد کی فلاح و بہبود اور ملک کی تعمیر کا ایک ذریعہ ہے۔ راجیہ سبھا میں آئین پر خصوصی بحث کے جواب میں مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ کا دعویٰ۔

☆ ''ایک ملک' ایک الیکشن'' سے متعلق دو بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجے جائیں: اپوزیشن کا مطالبہ۔

☆ پربھنی اور بیڑ معاملے میں آج اسمبلی میں ضابطہ 101 کے تحت بحث؛ اسپیکر کا اعلان۔

☆ قانون ساز کونسل میں مہایوتی کی جانب سے بطورِ اسپیکر رام شندے کو کل نامزد کیا جائے گا۔

اور۔۔۔☆ قومی شوٹنگ مقابلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر کی دِیا تھتّے کو سونے کا تمغہ حاصل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ آئین صرف ایک دستاویز نہیں ہے بلکہ پسماندہ افراد کی فلاح و بہبود اور قوم کی تعمیر کیلئے تحریک کا ذریعہ ہے۔ وہ آئین کو اپنانے کی سالگرہ کے موقع پر راجیہ سبھا میں منعقدہ بحث کا جواب دے رہے تھے۔ شاہ نے کہا کہ آئین دکھانے کا نہیں بلکہ قبول کرنے کا معاملہ ہے۔ اس دوران قائدِ ایوان مرکزی وزیر جے پی نڈا' سابق وزیرِ اعظم ایچ ڈی دیوے گوڑا' کانگریس کے سیّد ناصر حسین' راشٹریہ جنتا دَل کے منوج جھا' بیجو جنتا دل کے نرنجن بشی اور دیگر نے اس بل پر بحث میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

''ایک ملک' ایک الیکشن'' سے متعلق دو بل کل لوک سبھا میں پیش کیے گئے۔ مرکزی وزیرِ قانون ارجن رام میگھوال نے ایوان میں آئینی ترمیمی بل 2024 اور یونین ٹیریٹری قانون ترمیمی بل 2024 پیش کرنے کی تجویز پیش کی۔ اپوزیشن پارٹی کے ارکان نے اس بل کو ایوان میں پیش کرنے کیلئے ووٹ کی تقسیم کا مطالبہ کیا۔ اس کے مطابق ہونے والی ووٹنگ میں 269 ارکان نے بل کو پیش کرنے کے حق میں اور 198 نے مخالفت میں ووٹ دیا۔ اس وقت بھی اپوزیشن نے اس بل کو آئین کے بنیادی ڈھانچے پر حملہ قرار دیتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا اور مطالبہ کیا کہ بل کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے پاس بھیجا جائے۔ ارجن رام میگھوال نے مخالفین کے اس الزام کی تردید کرتے ہوئے بل کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سامنے لانے کی تیاری ظاہر کی۔

دنیا بھر کے اہم جمہوری ممالک میں جمہوری طرزِ حکومت اپنانے والے بھارت میں اب تک چار سو سے زیادہ انتخابات کرائے جا چکے ہیں۔ 1951 سے 1967 کے درمیان لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں کے انتخابات ایک ساتھ ہی کروائے گئے تھے' لیکن اس کے بعد ملک بھر میں مسلسل یکے بعد دیگرے ہونے والے انتخابات سے ''ایک ملک' ایک الیکشن'' کا موضوع ایک بار پھر سامنے آیا۔ اس بل میں لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں کے انتخابات بیک وقت کروانے کی سفارش کی گئی ہے۔

اس موضوع کا مطالعہ کرنے کیلئے سابق صدرِ جمہوریہ رام ناتھ کووِند کی سربراہی میں قائم کردہ کمیٹی کو ساڑھے اکیس ہزار سے زائد مشورے اور تجاویز موصول ہوئیں۔ جس میں 80 فیصد سے زائد شہریوں نے ایک ساتھ انتخابات کروانے کے حق میں رائے دی' 47 سیاسی جماعتوں نے بھی اس کمیٹی کو اپنی آراء پیش کیں۔ بعدازاں کمیٹی کی جانب سے پیش کردہ رپورٹ 18 ستمبر کو منعقدہ کابینی اجلاس میں منظور کر لی گئی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر سائنس وٹکنالوجی ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کل نئی دہلی میں کسانوں کو کیڑے مار ادویات سے بچانے کیلئے کسان کَوَچ سوٹ کا اجراء کیا۔ جتندر سنگھ نے کہا کہ کسان کَوَچ سوٹ صحیح حل ہے کیونکہ سانس کے مسائل کے ساتھ ساتھ کیڑے مار ادویات کی وجہ سے جلد کی خرابی اور آنکھوں کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔ یہ سوٹ کل کسانوں میں تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

پربھنی اور بیڑ معاملے پر آج قانون ساز اسمبلی میں قاعدہ 101 کے تحت بحث ہوگی۔ کانگریس کے نتن راؤت نے کل ایوان کا کام شروع ہوتے ہی اس سلسلے میں التواء کی تحریک پیش کی، جسے نانا پٹولے نے منظور کرلیا۔ یہ معاملہ سنگین ہے اور اسپیکر نے قاعدہ 101 کے تحت آج اس پر بحث کرنے کا اعلان کیا۔ بیڑ کے رُکنِ اسمبلی سندیپ شِرساگر نے بھی اس پر تنقید کی کہ ملزم کو ابھی تک گرفتار نہیں کیا گیا۔ کیج کے رُکنِ اسمبلی نمیتا مندڑا نے اس سلسلے میں مطالبہ کیا کہ تمام ساتوں ملزمین کو پکڑ کر سزائے موت دی جائے۔ حکومت پر اس معاملے میں غیر سنجیدگی کا الزام عائد کرتے ہوئے اپوزیشن نے اجلاس کا بائیکاٹ کیا۔

دریں اثناء' ان دونوں واقعات کی مخالفت میں ریپبلکن پارٹی آف انڈیا کی جانب سے کل بیڑ ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیمپ ایکٹ 1958 میں ترمیم کا بل کل وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے قانون ساز اسمبلی میں پیش کیا۔ اس بل میں حلف ناموں' معاہدوں اور متعلقہ دستاویزات پر 100 روپئے کی اسٹیمپ ڈیوٹی کو 100 روپئے سے بڑھا کر 500 روپئے کرنے کی تجویز ہے۔ حکومت نے اس سلسلے میں 14 اکتوبر کو ایک آرڈیننس جاری کیا تھا۔

دریں اثناء قانون ساز کونسل کے رُکن سنیل شندے نے مطالبہ کیا کہ 500 روپئے کے اسٹیمپ پیپر کی شرط میں نرمی کی جائے اور اسکول و کالج کے طلبہ کیلئے 100 روپئے کے اسٹیمپ پیپر کو متعارف کرایا جائے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کے اسپیکر کے عہدے کا انتخاب کل 19 دسمبر کو ہوگا۔ نائب اسپیکر نیلم گورہے نے یہ اعلان کیا۔ اس کیلئے آج دوپہر بارہ بجے تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جاسکتے ہیں۔ مہایوتی نے پروفیسر رام شندے کو امیدواری دی ہے اور وہ آج صبح اپنی درخواست داخل کریں گے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے لیڈر منوج جرانگے پاٹل نے 25 جنوری سے دوبارہ بھوک ہڑتال کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ وہ کل جالنہ ضلع کے انتروالی سراٹی میں صحافیوں سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے ان مطالبات کو دہرایا کہ مراٹھا برادری کو کنبی سرٹیفکیٹ دیا جائے' گیزیٹ کو لاگو کیا جائے' قریبی رشتہ داروں کی تجویز کو لاگو کیا جائے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر جیونوتّی مہم یعنی اُمید کے تحت دھاراشیو ضلع کے گووردھن واڑی میں بھاگیودئے گرام سنگھ خواتین بچت گروپ کے ذریعے صنفی مساوات کے بارے میں وسیع پیمانے پر بیداری پھیلائی جارہی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ضلع خواتین واطفال ترقی افسر ریشما چمندرے نے خواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ ریاستی حکومت کی گلابی رکشہ اسکیم کے بارے میں جانیں جو خواتین کیلئے مفید ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس اسکیم کا مقصد ریاست میں خواتین اور لڑکیوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کرنا' خواتین اور لڑکیوں کی معاشی حالت مستحکم کرنا اور سماجی باز آباد کاری کرنا ہے۔ خواتین اور لڑکیوں کو خود کفیل اور بااختیار بنانے اور طاقتِ نسواں کو مضبوط کرنا بھی اسکیم کے مقاصد میں شامل ہیں۔ خواتین اور لڑکیوں کو محفوظ سفر کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ریاستی حکومت نے یہ اسکیم شروع کی ہے۔
ریشما چمندرے کا تفصیلی انٹرویو آج صبح دس بجکر 45 منٹ پر آ کاشوانی سے نشر ہونے والے پراسنِگ میں سنا جاسکتا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی رِیا تھے نے نئی دہلی میں منعقدہ خواتین کے 25 میٹر پسٹل قومی شوٹنگ کے مقابلے میں طلائی تمغہ جیتا۔ فائنل مقابلے میں رِیا نے پنجاب کی سمرن پریت کور برار کو سات دو سے شکست دی، جبکہ راہی سرنوبت تیسرے مقام پر رہی۔

***** ***** *****

بارڈر- گاوسکر ٹسٹ سیریز میں برسبین ٹسٹ ڈرا ہونے کا امکان ہے۔ کیونکہ میچ کے آج کے پانچویں دِن بھارت کی پہلی اننگز 260 رنز پر ختم ہوگئی۔ کل کے میچ میں بھارت فالوآن سے بچنے میں کامیاب رہا۔ تازہ خبر ملنے تک آسٹریلیاء نے اپنی دوسری اننگ میں 28 رن پر چار وکٹ گنوا دیئے ہیں۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ میں ویسٹ انڈیز نے کل نئی ممبئی میں کھیلے گئے دوسرے ٹی 20 میچ میں بھارت کو نو وکٹ سے شکست دی۔ تین مقابلوں کی سیریز میں دونوں بھی ٹیمیں ایک ایک سے برابری پر ہیں۔ سیریز کا تیسرا مقابلہ آج ہوگا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کی مالیگاؤں یاترا 29 دسمبر سے شروع ہورہی ہے۔ ضلع پریشد کی چیف ایگزیکیٹو آفیسر مینل کرنوال نے کہا کہ اس یاترا کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں اور یاترا کو پلاسٹک سے پاک بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ وہ گذشتہ روز اس یاترا کی تیاری کے حوالے سے جائزاتی اجلاس کے بعد صحافیوں سے مخاطب تھیں۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر سوادھار اسکیم کی معیاد میں آئندہ 31 دسمبر تک توسیع کردی گئی ہے۔ اس سلسلے میں ناندیڑ ضلع سماجی بہبود شعبہ کے اسسٹنٹ کمشنر شیوانند مِنگِرے نے طلبہ سے آن لائن درخواستیں کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتظامیہ کی جانب سے املاک وآبرسانی ٹیکس وصولی مہم چلائی جارہی ہے۔ ٹیکس وصولی دستے نے کل ہرسول علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے املاک ٹیکس کے واجب الادا 43 لاکھ 30 ہزار 48 روپئے ادا نہ کرنے پر منگل کاریالیہ کو سیل کردیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ آئین پسماندہ افراد کی فلاح و بہبود اور ملک کی تعمیر کا ایک ذریعہ ہے۔ راجیہ سبھا میں آئین پر خصوصی بحث کے جواب میں مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ کا دعویٰ۔

☆ ''ایک ملک، ایک الیکشن'' سے متعلق دو بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجے جائیں: اپوزیشن کا مطالبہ۔

☆ پربھنی اور بیڑ معاملے میں آج اسمبلی میں ضابطہ 101 کے تحت بحث؛ اسپیکر کا اعلان۔

☆ قانون ساز کونسل میں مہایوتی کی جانب سے بطورِ اسپیکر رام شندے کو کل نامزد کیا جائے گا۔

اور۔۔۔☆ قومی شوٹنگ مقابلے میں چھترپتی سمبھا جی نگر کی دِیا تھتّے کو سونے کا تمغہ حاصل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****